# تحفظ

اکتوبر 2013ء

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)

## موجودہ حالات میں مارکیٹنگ ٹیم کا کردار اہم ہے، عَلمُ الدّین بُلو

### ریجنل چیفز وزونل ہیڈز کانفرنس سے چیئرمین اسٹیٹ لائف کا خطاب




سالِ رواں ماہِ اگست تک پانچ بہترین کارکردگی کے حامل زونز

کاروباری اہداف کے حصول میں اسلام آباد اور سیالکوٹ زونز سب سے آگے

پشاور میں خوش آمدید منی کلوزنگ انعامی مقابلہ

راولپنڈی زون میں مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کی تقریب پذیرائی

ترقیاتی زونل سرگرمیوں اور دیگر خبروں کی مزید تفصیلات اندرونی صفحات پر

خیال وافکار

# ہماری یاد کے جگنو......
# ستارہ بن کے چمکیں گے!!

عزیز دوستو!

زیرِ نظر"تحفظ"کا شمارہ میری ادارت میں شائع ہونے والا آخری شمارہ ہے۔ یہ ادارتی سفر1985ء کے اوائل میں شروع ہوا تھا۔ جب یہ خبرنامہ"اسپاٹ لائٹ" کے نام سے قدرے بے قاعدگی سے شائع ہوتا تھا۔ پھر اعلیٰ انتظامیہ نے یہ ذمہ داری میری پیشہ ورانہ تعلیم و تربیت اور تجربے کی بنیاد پر مجھے سونپ دی۔ بعدازاں"اسپاٹ لائٹ"کو"تحفظ"کا نام دیا گیا۔

میں نے"اسپاٹ لائٹ" سے"تحفظ" تک کا سفر طے کرتے ہوئے پیشہ ورانہ تربیت کے مطابق متعدد نئے تجربات کیے اور باقاعدہ ایک ادارتی ٹیم تشکیل دی جس نے انتہائی محنت اور لگاؤ سے اسے سنوارا۔ اور کوشش کی کہ اسے خبرنامہ بنانے کے ساتھ ساتھ مارکیٹنگ فورس کے لیے تربیتی رنگ میں بھی ڈھالا جائے۔ ماہر بیمہ کاروں کے تجربات کے نچوڑ پر مشتمل مضامین لکھوائے گئے۔ کارپوریشن کی عمومی خصوصی کارکردگی کو نمایاں کرنے کے لیے خصوصی اشاعتوں کا اہتمام بھی کیا گیا۔

اب مزید میں کیا لکھوں۔ جو دوست"اسپاٹ لائٹ" سے تحفظ تک کے سفر میں ہمارے ساتھ رہے وہ ہماری اچھی یا بری کارکردگی سے بخوبی آگاہ ہیں۔ آپ سب قارئین کی رہنمائی اور مشاورت کے ساتھ ''تحفظ'' کو بہتر سے بہتر بنانے کی سعی ہمیشہ جاری رہی۔ آپ کی پسندیدگی اور تبصروں کا شکریہ۔ کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈیپارٹمنٹ میں......میرا سفر بس اتنا ہی تھا۔


میں دعا کرتا ہوں کہ تحفظ اسی اہتمام کے ساتھ شائع ہوتا رہے۔ اس موقع پر اس کی ترتیب و تدوین کے حوالے سے سی سی ڈی کے اسٹاف و آفیسرز بالخصوص اپنے دیرینہ ساتھیوں میں ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی، جناب محمد اعظم شاکر اور جناب محمد ناصر کا شکرگزار ہوں جنہوں نے ہمیشہ میرے مشوروں کو قابلِ عمل سمجھا۔ اس موقع پر اپنے ساتھی انتہائی شریف النفس انسان اور بے حد پروفیشنل سوچ کے حامل مرحوم محمد عارف الیاس کو بھی خراجِ عقیدت پیش کرنا چاہوں گا جن کی قابل قدر مشاورت اس کی تزئین و خوبصورتی کے لیے تحفظ کو ہمیشہ حاصل رہی۔

اسٹیٹ لائف کے مختلف ادوار کے چیئرمینز اور ڈائریکٹرز کا بھی شکرگزار ہوں کہ جنہوں نے ہمیشہ ہمارے کام کو سراہا اور حوصلہ افزائی فرمائی۔

اب تحفظ نئی ادارت کے تحت شائع ہوگا۔ امید کرتا ہوں کہ یہ اب پہلے سے بھی زیادہ بہتر انداز اختیار کرے گا۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین


بچھڑ جائیں گے ہم لیکن...... ہماری یاد کے جگنو
تمہاری شب کے دامن میں ستارہ بن کے چمکیں گے

ایڈیٹر
happylife2175@yahoo.com




فرمانِ الٰہی

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ سے ڈرو، اور ہر شخص دیکھے کہ اس نے کل کے لیے کیا سامان کیا ہے؟ اللہ سے ڈرتے رہو، اللہ یقیناً تمہارے ان سب اعمال سے واقف ہے جو تم کرتے ہو۔ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو اللہ کو بھول گئے تو اللہ نے انہیں خود اپنا نفس بھلا دیا۔ یہی لوگ فاسق ہیں۔
(سورۂ حشر آیات 18 تا 19)




فرمان رسولؐ

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا ''جس شخص کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔ ایک آدمی نے عرض کیا کہ یقیناً آدمی یہ بات پسند کرتا ہے کہ اس کی پوشاک اچھی ہو اور اس کا جوتا اچھا ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ جمیل ہیں، جمال کو پسند کرتے ہیں، تکبر تو حق بات کو ٹھکرانا اور لوگوں کو حقیر سمجھنا ہے۔ (مسلم)



قائداعظمؒ نے فرمایا

وہ کونسا رشتہ ہے جس میں منسلک ہونے سے تمام مسلمان جسدِ واحد کی طرح ہیں، وہ کونسی چٹان ہے جس پر ان کی ملت کی عمارت استوار ہے، وہ کونسا لنگر ہے جس سے اس امت کی کشتی محفوظ کر دی گئی ہے، وہ رشتہ، وہ چٹان، وہ لنگر خدا کی کتاب قرآن کریم ہے۔
(اجلاس مسلم لیگ کراچی 1943ء)



فرمودۂ اقبالؒ

عطا اسلاف کا جذب دروں کر
شریک زمرۂ لایحزنوں، کر
خرد کی گتھیاں سلجھا چکا میں
مرے مولا مجھے صاحب جنوں کر!
(بال جبریل)

مدیر: مظفر احمد (ڈپٹی جنرل منیجر)
نائب مدیر: محمد اعظم شاکر

ادارتی مشاورت: محمد ناصر
ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ: ایڈیٹر تحفظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725، کراچی 75530
ٹیلی فون نمبر: (021)99202819

لے آؤٹ ڈیزائن: آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ
www.statelife.com.pk
پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

# جناب عَلمُ الدّین بُلو نے اسٹیٹ لائف کے چیئرمین کا اضافی چارج سنبھال لیا



اسلام آباد کیبنٹ سیکریٹریٹ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن، گورنمنٹ آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر پی ایف(499)ای 5- (PAS) بتاریخ 9 ستمبر 2013ء کے مطابق ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اسٹیٹ لائف جناب علم الدین بلو نے آئندہ احکامات تک اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کے چیئرمین کا اضافی چارج سنبھال لیا ہے۔قبل ازیں جناب علم الدین بلو چیف سیکریٹری آزاد جموں وکشمیر، سیکریٹری ایجوکیشن، گورنمنٹ آف سندھ، پرنسپل سیکریٹری وزیراعلیٰ سندھ، سیکریٹری لیبر سندھ، سیکریٹری کمیونیکیشن سندھ، سیکریٹری پاپولیشن اور کلچرل سندھ کے علاوہ ڈی سی او گوادر، جعفرآباد، بلوچستان، ڈی سی او دادو سندھ، ڈپٹی کمشنر جیکب آباد، بدین اور دادو وغیرہ میں اپنے فرائض انجام دے چکے ہیں۔

ادارہ تحفظ تمام افسران، اسٹاف اور مارکیٹنگ فورس کی جانب سے جناب علم الدین بلو کو یہ منصب سنبھالنے پر مبارک باد پیش کرتا ہے۔

(تحفظ رپورٹ)

## رواں مالی سال کے دوران اگست 2013ء تک کا کاروباری جائزہ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن نے رواں مالی سال کے دوران اگست 2013ء تک 3 لاکھ 72 ہزار 497 بیمہ داروں اوران کے لواحقین کو بیمہ زندگی کا تحفظ فراہم کر کے 7 ارب 8 کروڑ 79 لاکھ روپے سے زائد کا نیا پریمیئم حاصل کیا ہے اور کاروبار میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 6.14 فیصد اضافہ کیا ہے۔


رینیول پریمیئم کی مد میں کارپوریشن نے 23.36 فیصد اضافہ کرکے 18 ارب 25 کروڑ 50 لاکھ روپے سے زائد پریمیئم حاصل کیا جبکہ گزشتہ برس اسی مدت کے مقابلے میں 14 ارب 79 کروڑ 79 لاکھ روپے حاصل ہوئے تھے۔

کاروبار میں دوسرے سال کی شرح استحکام کا تناسب 58.21 فیصد جبکہ رینیول پر سسٹینسی کی شرح تناسب 97.09 فیصد ہے۔

واضح رہے کہ کارپوریشن نے پہلے سال کے پریمیئم ٹارگٹ کی مد میں 81.65 فیصد حاصل کرلیا ہے جبکہ رینیول پریمیئم کوٹہ کی مد میں 98.02 فیصد حاصل کرلیا گیا ہے۔

امید واثق ہے کہ آئندہ مہینوں میں کاروبار میں تیزی آئے گی اور بقیہ ہدف حاصل کرنے کے لیے زونز اوران کے متعلقہ فیلڈ ورکرز دن رات محنت کر کے اپنے اپنے اہداف پورے کریں گے۔(تحفظ رپورٹ)

## آفس آرڈر



پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق جنرل منیجر و ڈویژنل ہیڈ (پی ایچ ایس) ڈویژن پرنسپل آفس، جناب شیر علی خان کو فوری طور پر اپنے موجودہ فرائض منصبی کے ساتھ ساتھ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر (پی ایچ ایس) کی اضافی ذمہ داریاں بھی دی گئی ہیں۔

پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ ایک اور اعلامیے کے مطابق جنرل منیجر و ڈویژنل ہیڈ (گروپ اینڈ پینشن) ڈویژن، پرنسپل آفس، جناب ندیم بیسی کو بھی فوری طور پر آئندہ احکامات تک موجودہ منصب کے ساتھ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر (گروپ اینڈ پینشن اور ہیلتھ انشورنس ڈویژن) کی اضافی ذمہ داریاں بھی سونپی گئی ہیں۔



ادارہ تحفظ جناب شیر علی خان اور جناب ندیم بیسی کو اعلیٰ منصب سنبھالنے پر مبارک باد پیش کرتا ہے۔

# موجودہ حالات میں مارکیٹنگ ٹیم کا کردار اہم ہے، عَلم الدّین بُلو

## ریجنل چیفز وزونل ہیڈز کانفرنس سے چیئرمین اسٹیٹ لائف کا خطاب

اسٹیٹ لائف کے چیئرمین جناب علم الدین بُلو نے کہا ہے کہ کارپوریشن میں مارکیٹنگ کا شعبہ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ اسٹیٹ لائف کے حقیقی وارث آپ ہیں جبکہ دیگر شعبہ جات حصہ دار ہیں۔ آج میں خوش قسمت ہوں کہ حقیقی ورثاء سے مخاطب ہوں اور آپ سے ملاقات کر کے خوشی محسوس کر رہا ہوں۔ وہ گزشتہ دنوں کراچی میں مارکیٹنگ ڈویژن کے زیراہتمام ایک مقامی ہوٹل میں منعقدہ ریجنل چیفز وزونل ہیڈز کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان مشکل حالات اور مختلف چیلنجز سے گزر رہا ہے۔ کراچی، فاٹا، پشاور اور کوئٹہ دہشت گردی کے لپیٹ میں ہیں۔ ہر طرف افراتفری ہے یہی وہ وقت ہے جب لیڈرشپ کا امتحان ہوتا ہے کہ وہ کم وقت میں کیسے بحران سے نکلے؟ اپنے کاروباری اہداف کیسے پورے کرے۔ موجودہ حالات میں اسٹیٹ لائف کی ٹیم کا کردار انتہائی اہم ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ درحقیقت ہمیں زندگی کے ہر شعبے میں چاہے معاشرتی میدان ہو یا کاروباری صف آرائی ہو، اجتماعی ہم آہنگی اور ٹیم ورک کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مارکیٹنگ ایگزیکٹیو سے کہا کہ تمام زونز ور یجنز اپنی کارکردگی کو بہتر بنائیں۔ کاروبار میں حائل رکاوٹوں کو دور کریں۔ میری ہر قسم کی اعانت آپ کے ساتھ ہے تاہم مثبت ومنفی برابر نہیں ہو سکتے۔ انعام وسزا سب ساتھ ساتھ چلیں گے۔

انہوں نے زونل ہیڈز پر زور دیا کہ ماہ ستمبر کے بعد آپ کے ساتھ کارکردگی کا رشتہ ہوگا اور اچھی کارکردگی والا ہی ہمارا دوست ہوگا جبکہ آپ مضبوط ارادوں کے مالک ہیں۔ چیلنجز کا سامنا کرنا جانتے ہیں، آپ کے اندر اہلیت موجود ہے انہوں نے کہا کہ کارپوریشن کا نام روشن کریں اور اپنی عزت بڑھائیں۔ انہوں نے کہا کہ میں آنے والے دنوں میں زونوں کا دورہ کروں گا۔ میری نیک تمنائیں آپ کے ساتھ ہیں۔

قبل ازیں جناب علم الدین بلو نے زونز ور یجنز کی انفرادی ومجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا اور سدرن ریجن، حیدرآباد ریجن اور ملتان ریجن کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے پر زور دیا اور کہا کہ سینٹرل ریجن اور نارتھ ریجن ردھم کے تحت چل رہے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر سیالکوٹ زون، اسلام آباد زون اور گجرات زون کی کارکردگی کی تعریف کی۔



چیئرمین جناب علم الدین بلو کا اظہار خیال

قبل ازیں مارکیٹنگ ڈویژن کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب محمد اذکار خان نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ انہوں نے ریجنز وزونز کی کارکردگی کا جائزہ پیش کرتے ہوئے جناب چیئرمین کو یقین دلایا کہ آئندہ مہینوں میں اسٹیٹ لائف کی کارکردگی کا گراف بلند ہوگا اور ہم اپنے اہداف پورے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے آنے سے نیا ولولہ، جوش اور امنگ پیدا ہوئی ہے۔ ماضی میں ہماری ٹیم نے وہ کارنامے انجام دیئے جو تاریخ کا حصہ ہیں۔ انہوں نے ریجنز وزونز کی گزشتہ تین سالہ کارکردگی اور رواں مالی سال کے اگست 2013 تک کا کاروباری جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ہماری پالیسی کی رقم




اسٹیج کا منظر (دائیں سے بائیں) ریجنل چیفز جناب درمحمد بالادی، جناب خالد منصور، چیئرمین جناب علم الدین بُلو، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان، ریجنل چیفز جناب طاہر احمد خان اور جناب افتخار احمد

مقدار شرح اوسطاً بڑھ گئی ہے جبکہ رواں سال 40 ہزار سے زائد افراد کو بھرتی کیا گیا ہے۔ انہوں نے سیکٹر ہیڈز کی کارکردگی کا تنقیدی جائزہ لیا اور کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے ریجنل وزونل ہیڈز سے تجاویز لیں۔

اس موقع پر ریجنل چیف سید حسن رضا، جناب درمحمد بالادی، جناب طاہر احمد خان، جناب افتخار احمد اور جناب خالد منصور نے بھی اپنی گفتگو میں اپنے ریجنز کے اعداد وشمار، خوبیوں اور خامیوں کو اجاگر کیا خصوصاً سیکٹر ہیڈز کی کارکردگی



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ کا خطبہ استقبالیہ



ریجنل چیف جناب ایس ایچ رضا کی نظامت



جناب نمائش خان تلاوت کلام پاک پیش کرتے ہوئے

# اسٹیٹ لائف کا کاروباری گراف انشااللہ بلند ہوگا، اذکار خان

## مارکیٹنگ ہیڈ کا اظہارِ یقین




زونل ہیڈز محوِ سماعت ہیں

پر اپنی رائے دی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم اپنی پرفارمنس کو دن رات محنت کر کے مزید بہتر بنائیں گے اور اپنے اہداف حتی المقدور پورے کرنے کی کوشش کریں گے۔ اس موقع پر زونل ہیڈز نے اپنے اپنے زونوں کی کارکردگی پیش کی۔

قبل ازیں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب محمد اذکار خان اور ریجنل چیفز نے چیئرمین جناب علم الدین بلو کا پرجوش استقبال کیا۔

پروگرام کا آغاز زونل ہیڈ پشاور زون جناب نمائش خان نے تلاوت کلام پاک سے کیا جبکہ نظامت کے فرائض ریجنل چیف سدرن جناب ایس ایچ رضا اور منیجر مارکیٹنگ جناب عبدالغفار نے انجام دیئے۔



رپورٹ: محمد اعظم شاکر
سی سی ڈی پرنسپل آفس

### کاروباری حجم کے لحاظ سے سرفہرست پانچ زونز

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن میں انفرادی بیمہ زندگی کے تحت کام کرنے والے زونوں میں اگست 2013ء تک سب سے زیادہ پریمیئم سال اول جمع کرنے والے پانچ سرفہرست زونوں میں بالترتیب فیصل آباد، سیالکوٹ، لاہور (سینٹرل)، راولپنڈی اور ملتان زونز شامل ہیں۔ فیصل آباد زون نے تقریباً 70 کروڑ روپے، سیالکوٹ زون 57 کروڑ، لاہور سینٹرل نے 54 کروڑ روپے سے زائد، راولپنڈی زون نے 50 کروڑ روپے سے زائد جبکہ ملتان زون نے 48 کروڑ روپے سے زائد پریمیئم جمع کرنے کا اعزاز حاصل ہوا۔

ادارہ تحفظ تمام مذکورہ زونوں کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔

### شرح فیصد اضافہ کے لحاظ سے ٹاپ 5 زونز

اسٹیٹ لائف کے کاروباری اعداد و شمار کے لحاظ سے رواں کاروباری سال کے اگست 2013ء تک پریمیئم سال اول کی مد میں شرح فیصد اضافہ کے لحاظ سے کاروبار میں ٹاپ 5 زونوں میں اسلام آباد زون نے 22.2 فیصد، سیالکوٹ زون نے 21.46 فیصد، گجرات زون نے 18.15 فیصد، لاہور سینٹرل زون 12.50 فیصد، میرپور آزاد کشمیر 12.42 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

ادارہ تحفظ ان زونوں کی مزید ترقی کے لیے دعا گو ہے اور مذکورہ زونز کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔

### بیمہ زندگی کی نئی پالیسیوں کی فروخت میں اول درجے کے پانچ زونز

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن نے رواں مالی سال کے اگست 2013ء تک بیمہ زندگی کی نئی پالیسیوں کی فروخت میں اول درجے کے پانچ زونوں میں اسلام آباد زون نے 16.60 فیصد، سیالکوٹ زون نے 14.01 فیصد، سرگودہا زون 9.58 فیصد، گوجرانوالہ زون 9.34 فیصد اور لاہور زون سینٹرل نے 8.47 فیصد اضافہ کر کے اپنا مقام بلند کیا ہے۔

تحفظ مذکورہ زونوں کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔

### ٹارگٹ کے حصول میں ٹاپ 5 زونز

اسٹیٹ لائف کے تمام زونز ٹارگٹ کے حصول میں کوششیں کرتے رہتے ہیں تاہم اپنی بہتر حکمت عملی کے سبب کچھ زونز اپنی اعلیٰ حیثیت برقرار رکھتے ہیں۔ ٹارگٹ کے حصول میں رواں سال کے اگست 2013ء تک جن ٹاپ پانچ زونز نے اس مد میں اضافہ کیا ان میں اسلام آباد زون نے 93.86 فیصد، سیالکوٹ 93.43 فیصد، گجرات زون 90.88 فیصد، لاہور سینٹرل 86.54 فیصد، میرپور آزاد کشمیر زون نے 86.48 فیصد ٹارگٹ مکمل کر لیے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ کاروبار میں ان کا جوش و جذبہ موجزن رہے گا۔

ادارہ تحفظ ان تمام زونز کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔

# فیصل آباد زون کامیابیوں میں اپنی مثال آپ ہے، مقصود احمد چوہدری

## پروگرام کے کامیاب انعقاد پر ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان کا اظہار تشکر





سابق ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری، ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان اور زونل ہیڈ فیصل آباد جناب عبدالستار جاوید حاضرین سے مخاطب ہیں

گزشتہ دنوں فیصل آباد زون کو سینٹرل ریجن کی مارکیٹنگ فورس سے متعلقہ چھ زونوں کی میزبانی نصیب ہوئی جو دراصل سینٹرل ریجن کے ایک کاروباری مقابلے کے نتیجے میں وقوع پذیر ہوئی۔ اس شاندار محفل کا انعقاد مقامی ہوٹل میں کیا گیا جسے رنگارنگ خیر مقدمی بینروں سے سجایا گیا تھا۔ مارکیٹنگ فورس، ایریا منیجرز سیکٹر ہیڈز اپنے زونل سربراہان کی سربراہی میں پہنچے تو زونل سربراہ جناب عبدالستار جاوید اوران کے رفقا کار نے فقید المثال استقبال کیا۔

مہمانان میں زونل سربراہ لاہور ویسٹرن زون جناب طاہر محمود چیمہ، زونل سربراہ لاہور سینٹرل زون جناب محمد داؤد ناصر، زونل سربراہ سرگودھا زون جناب چوہدری عبدالناصر، زونل سربراہ گوجرانوالہ زون چوہدری انعام اللہ، زونل سربراہ سیالکوٹ زون جناب سرفراز احمد شامل تھے۔ تاہم سابق ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری کی خصوصی شرکت اور زونل سربراہان سمیت تمام شرکاء محفل نے کھڑے ہوکر اظہارِ خلوص وعقیدت کیا۔ زونل سربراہ فیصل آباد زون جناب عبدالستار جاوید نے تمام مہمانان گرامی قدر اور دیگر شرکا کو خوش آمدید کہا۔




سینٹرل ریجن کے زونز کے مابین مقابلہ میں شرح فیصد اضافہ کی بنیاد پر جناب طاہر احمد خان اور جناب مقصود احمد چوہدری مقابلہ جیتنے والے زونل سربراہان جناب طاہر محمود چیمہ، جناب ایم داؤد ناصر اور جناب سرفراز احمد چوہدری کو ٹرافی پیش کررہے ہیں

دوران گفتگو دیگر باہمی کاروباری مقابلہ جات کے لیے شرکاء کو دعوت دی گئی تو جیسے جیالوں کا سیلاب امڈ آیا ہو اور ہر کیٹگری کے لیے شاندار پول منی کاروباری مقابلہ جات رکھے گئے۔ تمام شرکاء کی جانب سے اس طرح کے پروگرام اور کاروباری مقابلے جاری رکھنے کا اعادہ کیا گیا۔ سابق ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری نے اپنے خطاب میں فیصل آباد زون میں پائے جانے والے پوٹینشل پر شرکا کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ فیصل آباد زون اپنی کامیابیوں میں اپنی مثال آپ ہے انہوں نے متحرک ہونے کی شرح اور معیاری بھرتی کو بہتر سے بہترین کرنے پر زور دیا۔

آخر میں ریجنل چیف سینٹرل جناب طاہر احمد خان نے اپنے رفقا کار اس کاروباری مقابلہ کے انعقاد کو یقینی بنانے پر ان کا شکریہ ادا کیا اور فیصل آباد زون کے سربراہ اوران کے ساتھیوں کا شاندار انتظام کرنے پر داد دی۔ تمام شرکاء نے تقریب کے احسن انتظامات پر منتظمین کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس طرح ایک خوبصورت اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

رپورٹ...... سہیل نصیر میاں، ڈپٹی منیجر انچارج، زونل ہیڈ سیکریٹریٹ



سینٹرل ریجن کے زونل سربراہان کا گروپ فوٹو

## بیمہ داران کے لیے چند گزارشات

اپنے مفادات کا تحفظ کیجیے
پریمیئم بروقت ادا کرنا ضروری ہے

- آپ نے جس مقصد اور نظریہ کے تحت یہ پالیسی خرید فرمائی ہے وہ قابل ستائش ہے۔ آپ کا یہ فیصلہ دوراندیشی پر مبنی ہے۔
- پالیسی دستاویز کے جدول اور درج شدہ شرائط وضوابط کو اچھی طرح ملاحظہ فرمالیجیے اور اگر کسی مسئلہ پر وضاحت درکار ہو تو ہمارے نمائندے یا ہمارے قریبی دفتر سے رجوع فرمائیں۔
- پالیسی دستاویز کے سلسلہ میں چند گزارشات ہیں:
  - کیا آپ نے وارث مقرر کیا ہے اگر نہیں تو قریبی رشتہ دار کو وارث مقرر کر کے دستاویز میں اندراج کر لیجئے۔
  - اگر وارث نابالغ ہے تو اس کا سرپرست ضرور مقرر کیجیے۔
  - انشورنس ایکٹ کی دفعہ 39 کے تحت کسی وقت بھی وارث کو تبدیل کیا جاسکتا ہے ایسی صورت میں متعلقہ دفتر سے رجوع فرمائیں۔
- پتہ کی تبدیلی کی صورت میں فوراً مطلع فرمائیں۔
- پالیسی دستاویز کو محفوظ جگہ رکھیں تاکہ بوقت ضرورت آپ کو یا آپ کے وارث کو پریشانی نہ ہو۔
- پالیسی کو قبل از وقت بند کرنا آپ اور آپ کے لواحقین کے حق میں نہیں۔ ایسا مشورہ دینے والا آپ کا مخلص نہیں
- شکایت کی صورت میں خواہ ہمارے دفتر سے ہو یا ہمارے نمائندے سے بلاجھجک ہمارے علاقائی سربراہ سے رابطہ قائم کریں۔
- واجب الادا قسط کی بروقت ادائیگی کے لیے ہم یاد دہانی کراتے ہیں اگر ناگزیر وجوہ کی بنا پر نوٹس آپ کو نہ ملے تو بروقت قسط کی ادائیگی کا خیال رکھیں۔ تاریخ دستاویز کے جدول میں درج ہے۔
- قسط کی ادائیگی کی رعایتی مدت 31 یوم ہے بعد میں ادائیگی کی صورت میں تاخیری فیس اور دیگر مطلوبات درکار ہوں گے۔
- قسط نقد کے علاوہ بذریعہ چیک/ منی آرڈر/ پے آرڈر/ ڈرافٹ بھی ادا کی جاسکتی ہے۔ نقد رقم ہمارے کیش کاؤنٹر پر ادا کریں۔ ڈرافٹ/ چیک/ پے آرڈر بنام اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان ہو جس پر نام اور پالیسی نمبر نمایاں طور پر درج کرنا نہایت ضروری ہے۔ منی آرڈر کی صورت میں پتہ بھی درج کیجیے۔ ہمارا کوئی بھی ایجنٹ/ نمائندہ رقم وصول کرنے/ رسید جاری کرنے کا مجاز نہیں۔
- اگر آپ ہمارے منظور شدہ بینک میں ہمارے اکاؤنٹ میں قسط جمع کرائیں گے تو وہ آپ کو عارضی رسید جاری کردیں گے۔ آپ ان کو اپنا موجودہ پتہ ضرور لکھادیں۔ اطلاع ملنے پر اسٹیٹ لائف باقاعدہ پکی رسید جاری کردے گی۔ عموماً بینک اطلاع بھیجنے میں دو چار ہفتے یا اس سے بھی زیادہ وقت لے لیتے ہیں۔ اگر آپ کو پانچ چھ ہفتے کے اندر ہماری پکی رسید نہ ملے تو ہمارے زونل آفس کو متعلقہ بینک، اس کی شاخ، جاری کردہ رسید نمبر اور ادا شدہ رقم کی تفصیلات سے مطلع فرمائیں۔ ان نکات پر عمل پیرا ہوکر اپنے مفادات کا تحفظ کیجیے۔ آپ کی رائے اور مفید مشوروں کا ہمیشہ خیر مقدم کیا جائے گا۔

# راولپنڈی زون میں مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کی تقریب پذیرائی

## ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمداذکار خان کی خصوصی شرکت



ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمداذکار خان، ریجنل چیف جناب خالد منصور، زونل ہیڈ جناب اظہر حسین اور سیکٹر ہیڈ سید اسد علی حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے

گزشتہ دنوں راولپنڈی زون میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں قائم مقام ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمداذکار خان اور ریجنل چیف جناب خالد منصور مہمان خصوصی تھے۔ یہ تقریب جون 2013ء میں بہترین پرفارمنس دینے پر سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجر اور ٹاپ 80 سیلز منیجرز کے اعزاز میں دی گئی تھی۔

اعلیٰ کارکردگی کی بنیاد پر سب زونل ہیڈ جناب محمود حسین ملک، ایریا منیجر محمد رمضان اور ایریا منیجر محمد شیراز جنجوعہ اور سیلز منیجر راشد محمود ایگزیکٹیوڈائریکٹر، ریجنل چیف اور زونل ہیڈ راولپنڈی کے ہمراہ اسٹیج کی زینت بنے جبکہ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض سیکٹر ہیڈ جناب سید اسد علی نے ادا کیے۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اذکار خان نے موجودہ ملکی صورت حال کے پیش نظر زون کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا اور ٹاپ 80 سیلز منیجرز کی شاندار کارکردگی کو تسلی بخش قرار دیا انہوں نے کہا کہ اس شاندار کارکردگی کے پیچھے یقیناً زونل ہیڈ کی قائدانہ صلاحیتوں کا ہاتھ ہے جس کا منہ بولتا ثبوت یہ ہے کہ پوری کارپوریشن میں صرف پنڈی زون نے ہی اپنے اہداف سے زیادہ بزنس کیا اور زون اضافہ میں گیا۔

اس موقع پر جون 2013ء میں اعلیٰ کارکردگی حاصل کرنے پر کیش انعامات دیئے گئے جس میں سب زونل ہیڈز، سیکٹر



سامعین

ہیڈز، ایریا منیجرز اور ٹاپ 80 سیلز منیجرز کو مبلغ 25 ہزار روپے دیئے گئے۔ ایگزیکٹیوڈائریکٹر جناب محمداذکار خان کی طرف سے ایک اعلان بھی کیا گیا کہ اس ماہ میں اگر زون 6 کروڑ FYP کا ہدف عبور کرتا ہے تو ٹاپ 30 سیلز منیجرز، ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز کو ایک پرتکلف لنچ دیا جائے گا۔

تقریب میں ریجنل چیف نارتھ جناب خالد منصور، زونل ہیڈ راولپنڈی زون جناب اظہر حسین نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا اور ایریا منیجرز اور فیلڈ فورس کی حوصلہ افزائی کی۔ تقریب کے اختتام پر تمام شرکاء کو پرتکلف کھانا پیش کیا گیا۔

رپورٹ: ظہیر احمد، اسسٹنٹ منیجر، ایجنسی ڈپارٹمنٹ



تقریب کے شرکاء

## محنت کی عظمت

درختوں سے پھل یونہی گرا نہیں کرتے
اس کی شاخوں کو ہلانا ہوگا
اندھیروں کا ذکر کب تک کرتے رہوگے
ہر شخص کو اپنا دیا جلانا ہوگا
اپنے حسین خوابوں کی تعبیر کے لیے
محنت کے سمندر سے گزرنا ہوگا
محنت کی کہکشاں کا ذکر کیا کرنا
نرگس لالہ و گل سے اس کو سجانا ہوگا
یارب! میری محنت کو اوج ثریا عطا کر
ہر ایک کی بھوک و افلاس کو نابود کر



(نفیس احمد زخمی)

# پشاور میں خوش آمدید
# منی کلوزنگ انعامی مقابلہ

## کوالیفائرز کے اعزاز میں منعقدہ گرینڈ فنکشن کا احوال

اسٹیٹ لائف پشاور کوہاٹ زون کے زیرِاہتمام ''ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ خوش آمدید منی کلوزنگ انعامی مقابلہ'' کے کوالیفائرز کے اعزاز میں شاندار ظہرانہ دیا گیا۔اس تقریب کے مہمان خصوصی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان تھے۔کوالیفائرز کے علاوہ ریجنل چیف جناب خالد منصور، زونل ہیڈ جناب نمائش خان اور جناب محمد خان، تمام سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز بھی اس ظہرانے میں شریک تھے۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جبکہ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض مشترکہ طور پر انچارج ایف ایم ڈی جناب ذاکر آفریدی اور جناب جان محمد ایریا منیجر نے انجام دیئے۔تقریب کے آغاز میں ''ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ خوش آمدید منی کلوزنگ انعامی مقابلہ'' میں اول آنے والے ساتھیوں کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے۔اس کے علاوہ پشاور زون کے مختلف انعامی مقابلوں میں جیتنے والے ساتھیوں میں ٹی وی، اوون، بریف کیسز، ہینڈ بیگز اور دیگر قیمتی انعامات تقسیم کیے گئے۔

دریں اثناء زونل سربراہ جناب نمائش خان نے پشاور آمد پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان اور ریجنل چیف خالد منصور کا پشاور آمد پر زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی پشاور موجودگی سے جہاں ان کے حوصلے بلند ہوئے ہیں وہاں ان کے ساتھیوں میں نیا جوش و جذبہ پیدا ہوا ہے زون کی کارکردگی کا جائزہ پیش کرتے ہوئے انہوں نے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان کو یقین دلایا کہ پشاور زون کے ساتھی انہیں کسی صورت مایوس نہیں کریں گے اور ماہ جون میں پشاور زون نہ صرف اپنے اہداف پورے کرے گا بلکہ کارپوریشن کے افق پر بزنس کے نئے ریکارڈ قائم کرے گا۔جناب نمائش خان کے خطاب کے بعد جناب محمد خان زونل سربراہ کوہاٹ زون نے بھی خطاب کیا انہوں نے یقین دلایا کہ کوہاٹ زون انتظامیہ کی توقعات کے عین مطابق شاندار نتائج دے گا اور نئے زون کے قیام کے نتیجے میں پیش آنے والی مشکلات کے باوجود کوہاٹ زون کے ساتھی اپنا ٹارگٹ مکمل کریں گے۔

ریجنل چیف نادرن جناب خالد منصور نے تمام کوالیفائرز کو مقابلہ جیتنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پشاور زون نہ صرف ریجن بلکہ کارپوریشن کا مایہ ناز زون ہے اور ماضی میں بزنس کے لحاظ سے پشاور زون نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور اس کی ماضی کی کارکردگی کو دیکھتے ہوئے امید ہے ماہ جون میں پشاور زون بزنس کے نئے ریکارڈ بنائے گا۔انہوں نے کہا کہ جو بھی ساتھی اپنے سیلز نمائندوں، سیلز افسرز اور سیلز منیجرز کو جگائے گا صرف وہ کامیاب ہوگا۔انہوں نے تمام سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز پر واضح کیا کہ پشاور زون کے ساتھی ماہ جون میں بزنس پر کم از کم سو فیصد اضافہ کے لیے کام کریں آپ اس وقت فرنٹ لائن پر کام کر رہے ہیں اور فرنٹ لائن پر کام کرنے والوں کو انتہائی ہوشیاری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔اس موقع پر تقریب کے شرکاء سے خطاب میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان نے کہا کہ آج میری خوش قسمتی ہے کہ میں پشاور میں کامیاب لوگوں کے درمیان موجود ہوں۔انہوں نے کہا کہ آپ کے علم میں ہوگا کہ جب اسٹیٹ لائف معرض وجود میں آئی تھی اس میں پشاور زون صف اول کا زون شمار ہوتا تھا انہوں نے کہا کہ یہ پشاور زون ہی تھا جس نے ماضی میں کامیابیوں کے جھنڈے گاڑے اور کارپوریشن لیول پر ہمیشہ اچھی پوزیشن حاصل کی۔انہوں نے کہا کہ حالات اتنے خراب نہیں ہیں لیکن محسوس ہوتا ہے پشاور زون کے ساتھی اس لیول کی محنت نہیں کر رہے ہیں یا وہ بیمہ بیچنا بھول گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پٹھانوں کو نہ تو ماضی میں کوئی تسخیر کر سکا اور نہ اب کوئی کر سکے گا میری آپ سے صرف یہ گزارش ہے کہ ماضی کی کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے عہد کریں کہ پشاور زون نے نہ صرف نارتھ ریجن بلکہ پاکستان میں نمایاں مقام حاصل کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ یاد رکھیں وہی قومیں ترقی کرتی ہیں جنہوں نے وقت کی قدر کی اور جنہوں نے وقت کی بے توقیری کی وقت نے انہیں بھلا دیا اور آج ان کو کوئی یاد رکھنے والا نہیں۔انہوں نے کہا کہ اپنی ٹیم کی قدر کریں ان کی ٹریننگ کریں ان کو توجہ دیں کیونکہ ان کی مثال آپ کے بچوں کی طرح ہے اگر وہ کام نہیں کریں گے تو آپ کی ٹیم مضبوط کیسے ہوگی۔اس موقع پر انہوں نے اعلان کیا کہ اگر پشاور اور کوہاٹ زونز نے ماہ جون 2013ء میں اپنے ٹارگٹ پورے کر لیے تو پرنسپل آفس کی طرف سے ان کے اعزاز میں کسی خوبصورت مقام پر شاندار ظہرانہ دیا جائے گا جس میں مبارک باد دینے وہ خود بھی شریک ہوں گے۔تقریب کے اختتام پر شرکاء میٹنگ کو پرتکلف ظہرانہ دیا گیا۔



رپورٹ فقیر گل اسسٹنٹ منیجر
زونل ہیڈ سیکریٹریٹ پشاور زون




اسٹیج کا منظر (دائیں سے بائیں) زونل سربراہ کوہاٹ جناب محمد خان، ریجنل چیف جناب خالد منصور، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان اور زونل سربراہ پشاور جناب نمائش خان تشریف فرما ہیں



ایریا منیجر سید شاہ جہاں باچا اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان سے ٹرافی وصول کر رہے ہیں




سیکٹر ہیڈ کوہاٹ جناب امیر محمد خان، کوہاٹ زون کی کارکردگی پر الیکٹرک اوون کا تحفہ وصول کر رہے ہیں، جناب محمد اذکار خان اور جناب خالد منصور بھی موجود ہیں



سیکٹر ہیڈ بنوں جناب محمد جان، جناب محمد اذکار خان سے انعامی چیک وصول کر رہے ہیں

# گجرات زون کاروباری لحاظ سے ایک نئی تاریخ رقم کرے گا

## مارکیٹنگ ایگزیکٹیو کا اظہار عزم



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان زونل ہیڈ چوہدری رخسار احمد قیصر کو کارپوریشن میں شرح فیصد کی بنیاد پر ماہ مئی میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کرر ہے ہیں اس موقع پر ریجنل چیف جناب خالد منصور مسرت کا اظہار کرر ہے ہیں

گجرات زون نے ماہ مئی میں کارپوریشن بھر میں فیصد اضافہ کی بنیاد پر اول پوزیشن حاصل کی ۔ ماہ مئی کی کلوزنگ کے فوراً بعد گجرات زون کے باہمت فیلڈ کارکنان، ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان، ریجنل چیف نارتھ جناب خالد منصور مہمان خصوصی تھے۔

تقریب کا اہتمام ایک مقامی ہوٹل میں کیا گیا تھا کارکنان نے اپنے مہمانان گرامی کا روایتی انداز میں استقبال کیا اور ہال کو مختلف خیر مقدمی اور کاروباری بینرز سے سجایا گیا تھا۔

زونل سربراہ چوہدری رخسار احمد قیصر نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں مہمانان گرامی جناب محمد اذکار خان اور جناب خالد منصور کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے خوش آمدید کہا اور ماہ مئی کی کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے گجرات زون کی عظیم فیلڈ فورس کی محنت کو سراہا اور کہا کہ گجرات زون کا گزشتہ ماہ کارپوریشن بھر میں فیصد اضافہ کی بنیاد پر اول پوزیشن حاصل کرنا فیلڈ فورس، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز، آفیسرز اور اسٹاف ممبران کی انتھک محنت اور اپنے سینئرز کی رہنمائی کا نتیجہ ہے انہوں نے مہمانان گرامی کو رواں سال کے آئندہ مہینوں میں بھی اچھی کارکردگی دکھانے کا یقین دلایا۔ ماہ جون کے کاروبار کو بڑھانے کے لیے فیلڈ فورس کے لیے ویلکم اذکار خان کانٹیسٹ رکھا گیا۔ فیلڈ کارکنان اور ایریا منیجرز نے اس کاروباری مقابلہ میں بھرپور حصہ لینے کا عندیہ دیا اور ماہ جون میں تمام اہداف پورے کرنے کا عہد کیا۔

گجرات زون کے تمام سیکٹر ہیڈز نے اپنے اپنے سیکٹر کے بزنس کا جائزہ پیش کیا اور مہمانان گرامی کو ماہ جون کے تمام اہداف پورا کرنے کا یقین دلایا۔




کاروباری اجلاس میں جناب محمد اذکار خان، جناب خالد منصور اور چوہدری رخسار احمد اسٹیج پر تشریف فرما ہیں

ایریا منیجرز کی نمائندگی کرتے ہوئے گجرات زون کے ٹاپ پروڈیوسر اور صدر ایریا منیجرز ایسوسی ایشن چوہدری مختار احمد وڑائچ نے خطاب کیا۔ انہوں نے مہمانان گرامی کو گجرات آمد پر خوش آمدید کرنے کے علاوہ شکریہ بھی ادا کیا اور کہا کہ آپ کی آمد سے بزنس بڑھے گا اور رواں ماہ کا بزنس اس بات کی دلیل ہوگا کہ گجرات زون کی فیلڈ فورس بہت عظیم ہے۔

اس موقع پر ریجنل چیف جناب خالد منصور نے حاضرین سے خطاب کیا۔ زونل سربراہ اور فیلڈ کارکنان کو گجرات زون کی کارپوریشن بھر میں اعلیٰ کارکردگی پر مبارک باد پیش کی اور مزید کہا کہ یہ زون اس سال مزید کامیابیاں و کامرانیاں حاصل کرے گا۔

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے زونل ہیڈ گجرات اور تمام حاضرین کو پاکستان بھر میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کی اور توقع کا اظہار کیا کہ گجرات زون آئندہ بھی اسی طرح کی کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ سیلز منیجرز کے لیے پیٹرول کا اعلان کیا گیا ہے اس اضافہ سے بہترین کارکردگی کے حامل سیلز منیجر مستفید ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایریا منیجرز کی ترقیاں ہر سال بروقت ہوا کریں گی۔

ہر سیکٹر میں سے پہلی پوزیشن کے حامل سیلز منیجرز اور ایریا منیجر کو جناب اذکار خان نے مبارک باد دی اور گارلینڈ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر گجرات زون ساڑھے سات کروڑ روپے پریمیئم سال اول ماہ جون میں مکمل کرتا ہے تو مارکیٹنگ ڈویژن گرینڈ فنکشن کا اہتمام گجرات زون میں کرے گا جس میں تمام کامیاب فیلڈ فورس کو مدعو کیا جائے گا۔ اس پر حاضرین نے شکریہ ادا کیا۔

تمام مقررین کے اظہار خیال کے بعد ’عمرہ ٹکٹ‘ کی قرعہ اندازی کا انعقاد کیا گیا۔ یاد رہے کہ یہ کاروباری مقابلہ ماہ مئی کی کارکردگی کی بنیاد پر رکھا گیا تھا۔ جناب اذکار خان نے اپنے ہاتھوں سے قرعہ نکالا اور ایریا منیجرز کی صف سے محمد اشفاق مرزا ایریا منیجر کا نام نکلا اور حاضرین نے پرجوش تالیوں کی گونج میں انہیں مبارک باد پیش کی اس کے بعد ہر سیکٹر سے ایک ایک فیلڈ کارکن کی پرچی نکالی گئی۔ خوش نصیبوں میں سیلز نمائندہ اقبال شفیع، سید راشد محمود، شمائلہ نورین، محمد اشرف، محمد عرفان شریف اور سیلز منیجر امانت علی شامل ہیں۔

آخر میں چوہدری رخسار احمد قیصر نے جناب خالد منصور کی جانب سے حوصلہ افزائی پر ان کا شکریہ ادا کیا اور میٹنگ اختتام پذیر ہوئی اور تمام حاضرین کو پرتکلف کھانا پیش کیا گیا۔

رپورٹ: چوہدری محمد الطاف
پی اے ٹو زونل ہیڈ گجرات




ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب اذکار خان، سیکٹر ہیڈ راجہ ظفر اقبال، ایریا منیجرز مرزا محمد اشفاق، چوہدری مختار احمد وڑائچ، محترمہ شازیہ گل، سید الیاس علی شاہ، مرزا محمد مشتاق، حافظ محمد اصغر، سید سجاد حیدر اور عابد حسین کو ماہ مئی میں اعلیٰ کارکردگی پر مبارک باد پیش کرر ہے ہیں



ہم اپنے ایریا مینجرز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں
جنہوں نے ۲۰۱۲ء میں انفرادی طور پر تین کروڑ روپے سے زائد نیا پریمیئم جمع کر کے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا
محمد صغیر
سیالکوٹ زون
70,187,943 روپے
سعید احمد جروار
ڈی۔جی خان زون
57,819,718 روپے
ظفر قیوم
ایبٹ آباد زون
48,722,995 روپے
محسن رضا
کراچی ساؤتھ زون
47,073,087 روپے
ممتاز احمد شاہد
ملتان زون
45,819,631 روپے
خاور مرغوب بھٹی
سرگودھا زون
45,494,735 روپے
وارث علی
لاہور سینٹرل زون
44,640,150 روپے
محمد اسلم
فیصل آباد زون
43,401,669 روپے
انجم اصغر
کراچی ساؤتھ زون
42,042,598 روپے
سخی مدد
اسلام آباد زون
41,707,077 روپے
محمد رمضان
راولپنڈی زون
40,988,289 روپے
انور الحق خان
ساہیوال زون
40,848,245 روپے
سید احسان علی نقوی
ساہیوال زون
40,479,167 روپے
الطاف حسین
ساہیوال زون
40,128,011 روپے
چودھری محمد آصف
سیالکوٹ زون
39,801,977 روپے
محمد ریاض بھٹی
سیالکوٹ زون
39,086,271 روپے
خالد محمود
میرپور آزاد کشمیر زون
39,028,449 روپے
چودھری محمد فاروق
راولپنڈی زون
38,448,694 روپے
دلیپ کمار
کراچی ساؤتھ زون
37,664,823 روپے
سجاد اکبر
فیصل آباد زون
37,071,350 روپے
فاروق اقبال بٹ
سیالکوٹ زون
36,560,138 روپے
ایم۔اے۔خورشید
لاہور سینٹرل زون
36,529,850 روپے
نعیم احمد رانا
کراچی ایسٹ زون
36,233,268 روپے
جعفر حسین
اسلام آباد زون
35,797,915 روپے
محابت خان
فیصل آباد زون
35,646,267 روپے
میاں شاہد اقبال
سیالکوٹ زون
35,200,038 روپے
ریاض احمد اعوان
لاہور سینٹرل زون
34,802,409 روپے
مختار احمد
سرگودھا زون
34,568,525 روپے
عبدالخالق
فیصل آباد زون
34,249,926 روپے
ذیشان حیدر
سیالکوٹ زون
33,565,798 روپے
سجاد حسین سررانی
ڈی۔جی خان زون
33,493,966 روپے
مشتاق الرحمٰن
سیالکوٹ زون
32,813,096 روپے
محمد سعید
لاہور ویسٹ زون
32,810,077 روپے
شمیم اختر
میرپور آزاد کشمیر
32,515,753 روپے
محمد آصف ڈھوڈرا
سرگودھا زون
32,470,686 روپے
سعید احمد باجوا
ڈی۔جی خان زون
32,432,962 روپے
چوہدری راشد احمد
سیالکوٹ زون
31,907,241 روپے
منیر بیگ
لاہور سینٹرل زون
31,784,585 روپے
انصار خان
اسلام آباد زون
31,760,155 روپے
منیر حسین گورمانی
ڈی۔جی خان زون
31,496,566 روپے
خالد محمود
فیصل آباد زون
31,438,352 روپے
ایس۔جی۔ایم ربانی
اسلام آباد زون
31,355,112 روپے
عطاءاللہ محسن
رحیم یار خان زون
31,032,198 روپے
ریاض حسین اعوان
ملتان زون
30,643,282 روپے
محمد انور
فیصل آباد زون
30,446,357 روپے
سید سادات مہدی
لاہور سینٹرل زون
30,157,500 روپے
عاشق علی
فیصل آباد زون
30,127,878 روپے
احسن اللہ خان
کراچی ساؤتھ زون
30,094,782 روپے
اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان اپنے پُرعزم اور انتھک محنت کرنے والے قابلِ فخر بیمہ کاروں کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہے
جنہوں نے ملک بھر میں بیمہ زندگی کی پالیسیوں سے اپنے ہم وطنوں کو معاشی تحفّظ فراہم کر کے مُلکی و قومی ترقی میں اہم کردار ادا کیا۔
اسٹیٹ لائف کی بیمہ پالیسی
ایک تابندہ روایت نسل در نسل
اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان
www.statelife.com.pk

# ملتان زون ایک بار پھر کامیابیوں کی نوید سنائے گا، محمد اذکار خان

## ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ کے دورہ ملتان کا احوال

گزشتہ دنوں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان نے ملتان زون کا دورہ کیا۔ ان کی آمد پر زونل ہیڈ ملتان جناب محمد رمضان شاہد اور سیکٹر ہیڈز نے اس موقع پر مقامی ہوٹل میں سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز خصوصی میٹنگ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ استقبالیہ خطاب میں زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد نے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب محمد اذکار خان کو خوش آمدید کہتے ہوئے شکریہ ادا کیا ملتان زون کے باہمت اور محنتی فیلڈ کارکنان کے لیے ''ملکہ کوہسار مری کی سیر'' انعامی مقابلے کا اعلان ہوا ہے ایسے میں آپ کی آمد ہماری کامیابی کی کوششوں کو مزید نکھار دے گی۔ ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ ماہ جون کے اختتام پر ہماری کارکردگی کارپوریشن کی سطح پر نمایاں ہوگی اور ہم انشاء اللہ اپنے تمام کاروباری اہداف پورے کریں گے، اس کے بعد کامیاب سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کو پھولوں کے ہار پہنا کر ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔

ریجنل چیف ملتان ریجن جناب افتخار احمد نے بھی خصوصی طور پر اس میٹنگ میں شرکت کی اور شرکاء کو کامیابی کی طرف راغب کرنے کے لیے پرجوش انداز میں اپنے تجربات بیان کیے اور ملتان زون کی کاروباری صورت حال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ میں جانتا ہوں کہ ملتان زون ایک بار پھر سے کامیابی کی طرف رواں دواں ہے اور مجھے امید ہے کہ ماہ جون سے ملتان زون اپنی سابقہ روایات کی طرح پھر سے نمایاں کامیابی حاصل کرے گا۔ انشا اللہ

بعدازاں ایگزیکٹیو مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان نے اپنے خطاب میں ملتان زون کے شاندار ماضی کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ ایک وقت تھا جب کارپوریشن میں ایک ہی نام کامیابی کے حوالہ سے جانا جاتا تھا اور وہ آپ کا نام تھا ہم حیران ہوتے تھے کہ آخر ملتان زون کے لوگ اتنا کام کیسے کرتے ہیں اور آج ہم پھر حیران ہیں کہ ملتان زون کو کیا ہوگیا ہے۔ آج آپ کا نام ٹاپ پوزیشن میں کیوں نہیں ہے۔ آج آپ کے چہروں کے تاثرات دیکھتے ہوئے مجھے آپ کی کامیابی نظر آرہی ہے۔ شرکاء نے اپنے بھرپور تعاون اور کام کا یقین دلایا اس تقریب کے اختتام پر پرتکلف لنچ کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔


ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان، ریجنل چیف ملتان جناب افتخار احمد اور زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد، اے جی ایم مارکیٹنگ سید امتیاز بخاری شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان، اعلیٰ کارکردگی پر جناب محمد اقبال ملک، سید صادق حسین، جناب عاشق علی طور اور جناب مستقیم ناصر کو ہار پہنا رہے ہیں، تصویر میں ریجنل چیف ملتان جناب افتخار احمد اور زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد بھی نمایاں ہیں

رپورٹ...... محمد افضال قمری، پی اے ٹو زونل ہیڈ ملتان

## تعزیت        اناللہ وانا الیہ راجعون



- رحیم یار خان زون کے انچارج و ڈپٹی منیجر پی اینڈ جی ایس جناب محمد اشرف مگسی گزشتہ دنوں مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ تین بچے سوگوار چھوڑے ہیں۔
- میرپور آزاد کشمیر زون کے سب زونل ہیڈ اے جی ایم سید اشرف حسین رضوی کے والد محترم سید اظہر حسین رضوی گزشتہ دنوں منڈی بہاؤالدین میں رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔
- راولپنڈی زون آفیسرز فیڈریشن کے سینئر نائب صدر و انچارج میڈیکل سیل ڈاکٹر ساجد انور کے والد ماجد گزشتہ دنوں داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔
- پرنسپل آفس، جنرل سروسز ڈپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ منیجر جناب محمد رفیق شیخ کی والدہ محترمہ گزشتہ دنوں اس جہان فانی سے کوچ کر گئیں۔
- پرنسپل آفس، پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے سپرنٹنڈنٹ محمد شکور اور آئی ٹی ڈویژن کے اسسٹنٹ منیجر جناب محمد فہیم کی والدہ ماجدہ طویل علالت کے بعد گزشتہ دنوں رحلت فرما گئیں۔
- پرنسپل آفس، رئیل اسٹیٹ ڈویژن کے اسسٹنٹ منیجر جناب شکیل احمد کے والد بزرگوار سابق اسسٹنٹ منیجر جناب جلیل منصوری گزشتہ دنوں ابدی داغ مفارقت دے گئے۔
- پرنسپل آفس کے سینئر آفس اسسٹنٹ (ایف اینڈ اے) جناب محمد شمیم اور ریکارڈ سارٹر رئیل اسٹیٹ ڈویژن جناب محمد مشتاق کے والد ماجد سابق ڈپٹی منیجر پی اینڈ جی ایس ڈویژن جناب محمد اشتیاق کی روح گزشتہ دنوں قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔
- پرنسپل آفس پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے نائب قاصد جناب محمد حامد کے والد بزرگوار بھی گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔
- کراچی سدرن زون کے سینئر سیلز منیجر و سیکریٹری اطلاعات فیلڈ ورکرز فیڈریشن جناب اسلم پرویز کی والدہ ماجدہ بھی رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔

ادارہ تحفظ تمام مرحومین کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

# ملتان زون میں تربیتی کورسز کی تقریبات کا انعقاد

## ریجنل چیف جناب افتخار احمد کی خصوصی شرکت




انچارج ایف ایم ڈی محترمہ شازیہ پرویز، ریجنل چیف ملتان جناب افتخار احمد کو گلدستہ پیش کر رہی ہیں

ملتان زون میں ایف ایم ڈی کے زیر اہتمام پانچ روزہ فاؤنڈیشن کورس کا انعقاد ہوا جس کی صدارت کورس لیڈر منیجر ایف ایم ڈی محترمہ شازیہ پرویز نے کی اس موقع پر مہمان مقرر پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی ملتان ریجن ملک مختیار حسین اعوان جبکہ ریجنل چیف ملتان ریجن جناب افتخار احمد تقریب کے مہمان خصوصی تھے ان کی آمد پر تمام شرکاء نے ان کا والہانہ استقبال کیا۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے ہوا۔ محترمہ شازیہ پرویز نے ریجنل چیف جناب افتخار احمد، پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی مختار حسین اعوان کو تقریب میں خوش آمدید کہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

کلاس کے ہونہار طلبا اور طالبات نے اپنے اپنے خیالات بیان کیے اور کورس کی افادیت پیش کرتے ہوئے اس کو کاروبار بیمہ اور اپنی شخصیت میں بہتر تبدیلی پیدا کرنے میں نہایت فائدہ مند قرار دیا اور ان پر عمل پیرا ہو کر اپنے کیریئر میں ترقی کے لیے جہد مسلسل اور کام میں بہتری لانے کا عہد کیا۔

ریجنل چیف جناب افتخار احمد نے اپنے خطاب میں فروغ بیمہ کے سلسلے میں اپنے تجربات اور ماہرانہ مشوروں سے حاضرین کو آگاہ کیا۔ انہوں نے شخصیت میں بہتری لانے، مارکیٹ میں جانے اور متوقع بیمہ دار سے ملاقات کر کے جدید طریقوں سے روشناس کرایا تاکہ فیلڈ ورکرز اپنے اہداف کی تکمیل کر کے ترقی کی منازل باآسانی حاصل کر سکیں، انہوں نے شرکاء کو درپیش مسائل کے حل میں گہری دلچسپی لیتے ہوئے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی، جس سے شرکاء میں کام کرنے اور آگے بڑھنے کا جوش اور ولولہ پیدا ہوا۔

اختتام تقریب میں ریجنل چیف نے بہترین کارکردگی پیش کرنے والے شرکاء میں انعامات تقسیم کیے اور ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے مبارک باد پیش کی۔ اس کے بعد کلاس لیڈر نے مہمان خصوصی مقررین اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔




ریجنل چیف جناب افتخار احمد ملتان زون میں ہونے والے کورس کی ہونہار طالبہ کو تحفہ پیش کرتے ہوئے، تصویر میں انچارج ٹریننگ اکیڈمی جناب مختیار حسین اعوان اور انچارج ایف ایم ڈی محترمہ شازیہ پرویز نمایاں ہیں



ملتان زون میں ہونے والے FCAP کورس کے اختتام پر زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد اور انچارج ایف ایم ڈی محترمہ شازیہ پرویز کا شرکاء کے ساتھ یادگار تصویر

دریں اثناء ''علم کی طاقت'' کا یہ جملہ اپنے اندر کامیابی کی حقیقت لیے ہوئے ہے۔ اسٹیٹ لائف کے سب ہی کارکنان اس پر یقین بھی رکھتے ہیں مگر عملاً اس میں بہت پیچھے ہیں، اسٹیٹ لائف انتظامیہ کی طرف سے جاری کردہ تربیتی کورسز بھی اپنے ورکرز کو معاشرے میں کامیاب بیمہ کارکن بنانے کی ایک کڑی ہے۔ ملتان کے زونل ہیڈ جناب ایم رمضان شاہد نے تمام کارکنان کو بنیادی تربیتی کورسز کرانے کی اہمیت کو جانتے ہوئے ایف ایم ڈی کو اس ضمن میں زیادہ بہتر نتائج کی ذمہ داری سونپی۔

انچارج ایف ایم ڈی محترمہ شازیہ پرویز نے زونل ہیڈ جناب ایم رمضان شاہد کی ہدایت پر تربیتی کورسز کے انعقاد اور انہیں فعال بنانے میں پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت دیا اور پرنسپل آفس کے جاری کردہ رینکنگ شیٹ کے مطابق ماہ جولائی 2013ء میں نمایاں پوزیشن حاصل کی۔ جس پر انہیں مبارک باد پیش کی گئی۔ ریجنل چیف ملتان ریجن جناب افتخار احمد نے بھی انہیں خراج تحسین پیش کیا جبکہ محترمہ شازیہ پرویز نے اس موقع پر ریجنل چیف ملتان ریجن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس سے ملتان زون میں بہتر کام کرنے والوں کی حوصلہ افزائی ہوگی یہ کامیابی زونل ہیڈ ملتان جناب ایم رمضان شاہد کی شعبہ ایف ایم ڈی میں ذاتی دلچسپی کی بدولت ممکن ہوئی۔ زونل ہیڈ ملتان زون جناب محمد رمضان شاہد نے بھی وقتاً فوقتاً ان کلاسز میں گفتگو کے دوران ڈسپلن، پرسنلٹی ڈویلپمنٹ اور کوالٹی ریکروٹمنٹ کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے ان کو ٹیم ڈویلپمنٹ اور مارکیٹنگ سے متعلق رہنما اصول بتائے جن کو مدنظر رکھ کر شرکاء کامیابی کی منازل طے کر سکتے ہیں۔ زونل ہیڈ جناب ایم رمضان شاہد نے کہا کہ اگر ہم اپنے ورکرز کو پیشہ ورانہ تعلیم سے روشناس کرانے میں کامیاب ہو گئے تو وہ دن دور نہیں جب ہم اپنے کاروبار کو آسمان کی بلندیوں تک لے جائیں گے۔



رپورٹ: محمد افضال قمری
پی اے ٹو زونل ہیڈ ملتان زون

# سی سی ڈی کے سید محسن علی ریٹائر ہو گئے

کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ منیجر سید محسن علی کارپوریشن میں 33 سالہ خدمات پیش کرنے کے بعد اپنی مدت ملازمت کی تکمیل پر ریٹائر ہو گئے۔ انہوں نے زیادہ تر وقت اوورسیز ڈپارٹمنٹ میں گزارا تاہم وہ انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کارپوریشن کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ سے بھی وابستہ رہے۔ وہ اسٹیٹ لائف ایمپلائز فیڈریشن کے سیکریٹری جنرل بھی رہے۔ انہوں نے سی سی ڈی میں بہت کم وقت میں اپنی جگہ بنائی۔ ذمہ داریاں نبھائیں اور شعبے کے تخلیقی کاموں میں مددگار ثابت ہوئے۔

کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ نے ان کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ان کے اعزاز میں الوداعیہ دیا۔ الوداعیہ تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی جنرل منیجر جناب مظفر احمد تھے۔ انہوں نے ان کی اوصاف حمیدہ پر روشنی ڈالتے ہوئے شعبے میں ان کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ ان کی کمی محسوس ہوتی رہے گی۔ انہوں نے ان کی صحت و سلامتی اور تندرستی کی دعا کی۔

اس موقع پر افسران و اسٹاف نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا اور ان کے رویہ اور تعاون کی تعریف کی آخر میں سید محسن علی نے تمام رفقا کا شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں مہمان خصوصی جناب مظفر احمد نے ڈپارٹمنٹ کی جانب سے جذبہ خیر سگالی کے ساتھ تحائف پیش کیے۔ (تحفظ رپورٹ)



سی سی ڈی کے سربراہ جناب مظفر احمد، سید محسن کو ان کی خدمات کے اعتراف میں شیلڈ پیش کر رہے ہیں




کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے افسران و اسٹاف کا سید محسن علی کے ساتھ گروپ فوٹو

## شاباش ......تم کر سکتے ہو!!

اپنی منزل کے حصول میں کوشاں ہر شخص کو قدم قدم پر کئی طرح کی مشکلات، مایوسیوں اور چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایسے میں اسے ضرورت ہوتی ہے کسی ایسے مہربان دوست کی جو اس کی ہمت بندھائے، اس کی سخت جان......اور جوانمردی کا اعتراف کرے اسے یقین دلائے کہ منزل کا حصول ممکن ہے۔ وہ اس ہدف تک پہنچنے کی صلاحیت، مہارت اور حق رکھتا ہے۔ جو ایک توانا مسکراہٹ کے ساتھ پُر یقین لہجے میں اس کو تھپکاتے ہوئے کہے ''شاباش تم کر سکتے ہو۔''

لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے ہمارے آس پاس رہنے والے ہمارے اپنے پیارے جب ہمیں کسی مشکل چیلنج میں ناکامیوں سے نبرد آزما دیکھتے ہیں تو ہماری آس بندھانے یا حوصلوں کی ٹوٹتی رگوں کو امید کے لفظوں سے مضبوط کرنے کی بجائے طعنہ دیتے ہوئے کہیں گے ''نہ بھئی نہ......تم کچھ نہیں کر سکتے۔''

دنیا کے اربوں لوگوں کی زندگی کے معیار کو بلند کرنے کا ایک راز ایسے نایاب لوگوں کی تعداد میں اضافہ کرنے میں جو گرے پڑے، تھکے ہارے، ناکامیوں سے چور چور زخم خوردہ لوگوں کو سہارا دیں، کامیابی پر ان کا حق تسلیم کرتے ہوئے انھیں ''حوصلے اور ہمت'' کا انجکشن لگائیں اور کہیں کہ ہمت نہیں ہارنا حوصلہ رکھو، اٹھو...... ہاں ہاں......اٹھو......شاباش تم کر سکتے ہو۔''

دوسروں کی حوصلہ افزائی کرنا، ان کی قابلیت، صلاحیت اور توانائیوں کا احساس دلا کر پر جوش رکھنا اور انہیں اپنے مقاصد کے لائق بنانا ایسی ''مہارت'' ہے جس کو میں زندگی کا اہم سرمایہ قرار دیتا ہوں۔ شاباش کہنے اور دوسروں کی دل جوئی کرنے کی ہمت بہت کم لوگوں کے پاس ہے۔ تاہم ہر کوئی دوسروں سے یہ دولت سمیٹنے کا خواہشمند رہتا ہے حالانکہ یہ حقیقت ہے کہ دولت آپ کے اندر ہی ہے بعض لوگ پوری زندگی کسی کے کام سراہنے کی ہمت نہیں کرتے۔ آپ ہی بتائیے کب آخری بار آپ نے کسی مایوس اور ہارے ہوئے شخص کی ڈھارس بندھاتے ہوئے اسے یہ یقین دلانے کی کوشش کی تھی ''ہمت رکھو تم بہت باصلاحیت ہو تمہارے لیے تو یہ ذرا بھی مشکل نہیں ہے شاباش، تم کر سکتے ہو۔''

ہم دوسروں کی دل جوئی کریں گے یا دل شکنی، ہمت بندھائیں گے یا ان کی آس توڑیں گے اس کا تعلق ہمارے رویوں پر ہوتا ہے جبکہ اپنے رویوں کی ڈور ہم دوسروں کے ہاتھوں میں دے چکے ہوتے ہیں کیونکہ ہم دوسروں کے رویوں کی کاپی کرتے ہیں۔

بجلی کے بلب کے موجد ایڈیسن کو ایک دفتر میں کام کرتے ہوئے اس کے باس نے سختی سے کہا ''تم اپنے یہ کھلونے'' اٹھا کر یہاں سے دفع ہو جاؤ۔ تمہیں یہاں کھیل کھیلنے کے لیے تنخواہ نہیں دی جاتی اور پھر جب ان کھلونوں نے پوری دنیا روشن کر دی تو وہ پچھتا تا رہا کہ کاش میں ایڈیسن کو اپنی کمپنی سے نہ نکالتا تو آج اس کی کامیابی میں حصہ دار ٹھہرتا۔

کامیابی کے آخری زینے کے انتظار کے بجائے آگے بڑھ کر لوگوں کو سب سے نچلے زینے پر سیلوٹ کیجیے۔ انہیں کامیابی کے سفر میں شامل ہونے کی مبارک باد دیجیے۔

معروف مینجمنٹ کنسلٹنٹ کرسٹینا ہائرس کہتی ہیں:

کامیاب افراد ہر رات بستر پر لیٹتے ہوئے سونے سے پہلے تین سوال کرتے ہیں۔

1- آج کے دن میں کن افراد کا شکریہ ادا کر سکتا ہوں۔

2- آج میں نے کون سے ایسے مراحل طے کیے ہیں جن پر مجھے خدا کا شکر گزار ہونا چاہیے۔

3- کل کے لیے میری امیدیں اور مقاصد کیا ہوں گے۔

ان مثبت احساسات اور شکرانے کو پہلے اپنی ذات کا حصہ بنائیے پھر ان خیالات کو دوسروں تک منتقل کر کے ان کی زندگیوں میں بھی جذبے اور جوش و خروش کی آبیاری کیجیے اپنی قدر کا احساس ایسا ناگزیر جذبہ ہے جسے تمام انسانوں میں بخوبی دیکھا جا سکتا ہے ہم سب چاہتے ہیں کہ ہمیں قابل قدر سمجھا جائے۔ ہمیں اپنی نااہلی کا احساس ہماری ذات کے اندھیروں میں دھکیلتا ہے اور ترقی کے سارے راستوں کو بند کر دیتا ہے۔

یہ احساس کہ آپ قابل محبت، لائق احترام اور صلاحیتوں سے مالا مال ہیں۔ اپنی ہی نظروں میں اضافے کا سبب بنتا ہے بصورت دیگر خود کو ناچیز سمجھنے سے آپ کا بھاؤ اپنے ہی اسٹاک ایکسچینج میں گر جاتا ہے۔

مجھے یقین ہے آپ یہ کر سکتے ہیں آگے بڑھیے اور ذہنوں میں پاکیزگی کے بیج بونا شروع کیجیے۔ مجھے آپ کی کامیابی کا پکا یقین ہے اور میں اس لمحہ کا بے چینی سے انتظار کر رہا ہوں جب آپ کی کامیابی دوسروں کے لیے مشعل راہ بن جائے گی اور ہاں ''شاباش تم کر سکتے ہو۔''



مرسلہ چوہدری رخسار احمد قیصر،
اے جی ایم زونل ہیڈ، گجرات زون

# کامیابی......محض ارادے سے نہیں، عمل سے ملتی ہے

## انشورنس کے میدان میں عالمی شہرت یافتہ فرینک بیچگر کی کتاب سے ایک باب

لائف انشورنس سیلز کی تمام سرگرمیوں کا ریکارڈ میں باقاعدہ سے محفوظ رکھتا تھا۔ اس ریکارڈ کی مدد سے مجھے جلد ہی پتہ چل گیا کہ میں خود کو منظّم رکھنے میں بہت غیر ذمہ دار ہوں۔ میں نے اپنے لیے ایک سال میں 2000 سیلز کالز ٹارگٹ مقرر کر رکھا تھا ان کالز کی ترتیب یوں بنا رکھی تھی۔ روزانہ 5 کالز اور ہفتے میں مجموعی طور پر 40 کالز چند روز تو اس پروگرام پر پابندی سے عمل پیرا رہا لیکن آہستہ آہستہ لاپرواہی کی بنا پر اس کالز ٹارگٹ سے بہت پیچھے رہ گیا اور پھر بتدریج اتنا پیچھے رہ گیا کہ مجھے خود شرمندگی ہونے لگی۔ میرے ارادے نیک تھے لیکن کامیابی کے لیے محض ارادے کی نیکی کافی نہیں ہوتی۔ کامیابی اس وقت ملتی ہے جب نیک ارادے کے ساتھ ساتھ نیک عمل بھی ہو۔ اس بے ترتیبی سے بالآخر مجھے یہ سبق ملا کہ خود کو منظّم اور کامیاب کرنے کے لیے مجھے صحیح پلاننگ کرنی چاہیے۔

چالیس یا پچاس پراسپکٹس کے نام لکھ لینا بظاہر مشکل کام نہیں لیکن محض نام لکھ لینے سے ہی لائف انشورنس سیلز کی تیاری مکمل نہیں ہو جاتی۔ تیاری سے اصل مراد یہ معلوم ہونا ہے کہ تمام متوقع خریدار سے کب اور کس وقت ملنا ہے، کیوں ملنا ہے، وقت ملاقات ان سے کیا کہنا ہے، کون سے سوال پوچھنا ہیں، انہیں کس نوعیت کا انشورنس پلان تجویز کرنا ہے، کس طرح سیلز انٹرویوز مرتب کرنے ہیں اور کلوزنگ کرنی ہے وغیرہ وغیرہ۔ میں پیر تا جمعہ 5 دن کام کرتا تھا۔ ان 5 دنوں کی صحیح پلاننگ کرنے کے لیے میں نے ہفتے کا دن مخصوص کر رکھا ہے اور اسے میں نے سیلف آرگنائزیشن ڈے Self Organization Day یعنی خود کو منظّم کرنے کا دن دیا۔ کیا اس پلاننگ نے میری مدد کی؟ اس منصوبہ بندی کے فوائد محسوس کرنے کے لیے آپ مندرجہ ذیل سطور بغور پڑھیے۔

پلاننگ کرنے سے پہلے ہر سوموار کو جب میں اپنے کام کا آغاز کرتا تھا تو مجھے کالز پر جانے کے لیے خود کو مجبور کرنا پڑتا تھا، لیکن اب تیاری کے بعد مجھے اپنے آپ کو مجبور نہیں کرنا پڑتا تھا میں خود کو کالز کے لیے بالکل تیار پاتا تھا۔ سچ تو یہ ہے کہ میں متوقع خریدار سے ملنے کے لیے بے تاب رہتا تھا کیونکہ ان کی بابت میں نے مکمل تیاری کی ہوئی ہوتی تھی اور یہ یقین میرے دل و دماغ پر طاری رہتا کہ متوقع خریدار کے لیے میرے پاس لاجواب اور قابل قدر آئیڈیاز ہیں۔ نتیجہ ہفتہ ختم ہونے پر میں تھکن، پریشانی یا بوریت محسوس کرنے کی بجائے مستعدی، جوش اور ولولہ محسوس کرتا اور خود میں یہ جذبہ متحرک پاتا کہ اگلے ہفتے میں اس سے بھی زیادہ محنت کر کے زیادہ اچھے نتائج حاصل کروں گا۔

چند سال بعد میں نے ہفتہ کے بجائے جمعہ کے دن کو سیلف آرگنائزیشن ڈے کے لیے منتخب کر لیا اور ہفتہ واتوار اپنے ذاتی کاموں، گھریلو زندگی اور سیر و تفریح کے لیے وقف کر لیے۔ میں یہ دیکھ کر خود حیران رہ گیا کہ صحیح پلاننگ کی بدولت کم وقت میں کتنے زیادہ ثمر آور کام سرانجام دے لیتا ہوں۔ پلاننگ کی عادت نے نہ صرف میرے لائف انشورنس کام کو منظّم کر دیا بلکہ اس نے مجھے زندگی بھی صحیح انداز میں گزارنے کا سلیقہ سکھا دیا۔ پانچ دن پلاننگ کے مطابق کام کرنے سے میں اپنے تمام سیلز ٹارگٹس بروقت حاصل کر لیتا جبکہ پلاننگ کے بغیر سارا مہینہ کام کرنے کے باوجود بھی مختلف سمتوں میں بھٹکتا رہتا۔

میں نے کسی جگہ مشہور آٹو صنعت کار مسز ہینری فورڈ کا یہ قول پڑھا تھا۔ ’’میں ہر کام کے لیے لوگوں کو ملازمت رکھ سکتا ہوں سوائے دو کاموں کے۔ سوچنا اور چیزوں کو ان کی اہمیت کے اعتبار سے مرتب کرنا۔ یہ دو کام میں خود سرانجام دیتا ہوں اور یہی میری کامیابی کا راز ہے۔‘‘

میرا اصل مسئلہ یہ تھا کہ میں اپنے کاموں کو ان کی اہمیت کے اعتبار سے کرنے کی بجائے انہیں بے ہنگم طریقے سے سرانجام دیتا تھا لہٰذا میری کوششوں کا نتیجہ میری توقعات کے برعکس ہوتا لیکن جب میں نے منصوبہ بندی کو اپنایا، میرے بیشتر مسائل ازخود حل ہوتے چلے گئے اور نتائج بھی میری توقع کے عین مطابق ہوتے۔

اگر آپ بھی بے ترتیبی کے مسئلے سے دوچار ہیں اس کا واحد اور موثر ترین حل صرف یہ جواب ہے اپنے کام کی منصوبہ بندی کیجیے، آپ مجھ پر یقین کریں، اس پلاننگ سے آپ کے ان گنت مسائل خود بخود حل ہو جائیں گے اور آپ کبھی بھی زیادتی اور قلت وقت کی شکایت نہیں کریں گے۔ اپنے ویکلی پلان (Weekly Plan) کے مطابق کالز کریں۔ پراسپکٹس کارڈز پر روزانہ اندراج کریں، کلائنٹس فائلز باقاعدگی سے پڑھتے رہیں اور گاہے بگاہے تمام ریکارڈ کی پڑتال کرتے رہیں۔ ایسا کرنے سے آپ بہت جلد خود یہ محسوس کریں گے کہ آپ کی آمدنی بھی بڑھ رہی ہے اور وقت بھی کم صرف ہو رہا ہے۔

ممکن ہے آپ سوچتے ہوں کہ گھنٹوں اور منٹوں کے حساب سے روزمرہ زندگی کا حساب کتاب رکھنا ایک مسئلہ ہے۔ اگر آپ ایسا سوچتے ہیں تو کامیاب ترین لائف انشورنس ایجنٹس کی یہ نصیحت یاد رکھیے کہ وقت کا حساب کتاب رکھنا مسئلہ نہیں بلکہ مسئلے کا واحد حل ہے۔ وقت سیلز مین کا سب سے بڑا وسیلہ ہوتا ہے اپنے اس قیمتی اثاثے کو آپ غیر مفید یا غیر متعلقہ جگہ صرف نہ کیجیے۔ وقت کا صحیح سمت میں صحیح مقصد کے لیے استعمال آپ کی کامیابی کا یقینی ضامن ہے جو سیلز مین اعلیٰ کامیابی پانے کا عزم رکھتے ہیں وہ اپنے وقت کی ہر اکائی کو ناپ تول کر گنتے ہیں اور منٹوں اور سیکنڈوں کا حساب رکھتے ہیں لیکن ناکام ترین سیلز مین اپنے وقت کی پیمائش گھنٹوں، دنوں اور مہینوں میں کرتے ہیں آپ اپنی روزمرہ سرگرمیوں کو اولیت کے اعتبار سے مرتب کیجیے، ہر شام سونے سے قبل اگلے دن کا وزٹ پروگرام ضرور بنائیے اور سیلز انٹرویوز کی اہمیت کے اعتبار سے ترتیب دیجیے۔ غیر متعلقہ کاموں کو ترک کیجیے اور صرف ان امور پر توجہ دیجیے جو ٹھوس نتائج حاصل کرنے میں آپ کے مددگار ثابت ہوں۔ پھر دیکھیے وہ کامیابی جسے کوسوں میل دور سمجھتے تھے آپ کے آس پاس ہر وقت ہر لمحہ نظر آئے گی۔



مرسلہ: شیخ شاہد محمود
سیلز منیجر، راولپنڈی زون

## کوالٹی آف لائف

اس دنیا کی مختصر سی غیر یقینی زندگی میں......
کوالٹی آف لائف کی خاطر ہم کتنی احتیاطیں کرتے ہیں
بلڈ پریشر ہو تو نمک نہیں چکھتے!
ذیابیطس ہو تو شکر،
دل کا حملہ ہو تو معمولات زندگی ہی بدل دیتے ہیں
کبھی بعد کی ختم نہ ہونے والی زندگی کے بارے میں سوچا؟

نافرمانی کرنے پر ہاتھ، پاؤں اور آنکھوں سے گناہ کرنے پر
غیبت کرنے، ناجائز مال کمانے اور حق مارنے پر
کیسی کیسی وعیدیں ہیں!
پھر ہم کیوں نہیں بچتے؟
کیا ہم کو یقین نہیں
اتنا بھی نہیں جتنا ڈاکٹر کی بات پر ہے۔

# تصویری خبرنامہ



چیئرمین جناب علم الدین بلواسٹیٹ لائف کی جانب سے حاجیوں کورخصت کرتے ہوئے،اس موقع پر
ایگزیکٹیوڈائریکٹرز، پی اینڈ جی ایس ڈویژن، ایمپلائز یونین کے نمائندگان اور دیگر شعبہ جات کے سینئر
افسران بھی موجود ہیں




پشاور اور کوہاٹ زون کے مشترکہ اجلاس کے دوران شرکا محو سماعت ہیں



گجرات زون: سیکٹر ہیڈ جلال پور جٹاں سیکٹر راجہ ظفر اقبال،
جناب محمد اذکار خان کو گجرات زون آمد پر خوش آمدید کہہ رہے ہیں




ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان گجرات زون میں عمرہ ٹکٹ کا ٹیسٹ کے تحت قرعہ نکال رہے ہیں تصویر میں ریجنل چیف جناب خالد منصور اور
زونل ہیڈ جناب رخسار احمد قیصر نمایاں ہیں



ریجنل چیف حیدرآباد جناب درمحمد بالادی، ڈی جی ایم (پی اینڈ جی ایس) ڈاکٹر مغل بیگ کے دورۂ حیدرآباد زون
میں سندھ کی روایتی اجرک پہنا کر انہیں خوش آمدید کہہ رہے ہیں



بہاولپور زون کے صدر اسٹاف یونین جناب محمد اسحاق بھٹہ ماہ جولائی میں زون کے کاروبار میں نمایاں پوزیشن
حاصل کرنے پر زونل ہیڈ چوہدری اختر حسین کو گلدستہ پیش کرتے ہوئے، تصویر میں نائب صدر حاجی اللہ دتہ اور
فنانس سیکریٹری محمد سلیم کوثر موجود ہیں



پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے اے جی ایم جناب بلیغ الدین کی ریٹائرمنٹ پر شعبہ کی جانب سے الوداعیہ دیا گیا اس موقع کا گروپ فوٹو



فیصل آباد زون: تفریحی دورہ برائے مری پی سی بھوربن کو الیفائرز لطف اندوز ہوتے ہوئے




فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی جانب سے چیئر مین جناب علم الدین بلو کو چیئر مین کا
چارج سنبھالنے پر خوش آمدید کیا جا رہا ہے



زونل ہیڈ ملتان جناب رمضان شاہد کی فاؤنڈیشن کورس کے شرکاء کے ساتھ ایک یادگار تصویر



فیصل آباد زون میں سینٹرل ریجن کے زونل سربراہان کا استقبال کیا جا رہا ہے، تصویر میں ریجنل چیف جناب طاہر احمد
خان، سابق ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری، زونل سربراہان اور دیگر نمایاں ہیں



زونل سربراہ بہاولپور چوہدری اختر حسین، سیلز نمائندہ خدا بخش کو شاندار کارکردگی پر موٹر سائیکل انعام
میں دے رہے ہیں، سیکٹر ہیڈ ایاز احمد قادری، ایریا منیجر ملک احمد یار اور چوہدری ارشد نمایاں ہیں



سیالکوٹ زون میں ماہ اگست 2013ء کے فاؤنڈیشن کورس ایڈوانس پروگرام کے اختتام پر لیا جانے والا گروپ فوٹو، انچارج ایف ایم ڈی و منیجر سید فاخر حسین رضوی درمیان میں نمایاں ہیں

# اسٹیٹ لائف میدان عمل میں



اسلام آباد زون: زونل سربراہ چوہدری محمد ارشد، مرحوم امتیاز حسین کے ورثاء کو ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ 24 لاکھ روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں۔ تصویر میں پی ایچ ایس کے انچارج ڈاکٹر حاجی محمد شیخ اور دیگر بھی موجود ہیں



میرپور خاص زون: جناب مولا بخش مری کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ/-10,25000 روپے جناب خدا بخش کو دیا جا رہا ہے، تصویر میں ایریا منیجر جناب محمد عمر میو اور دیگر نمایاں ہیں



سوات زون: ایریا منیجر عالم زیب خان متوفی اختر علی کی بیمہ پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ/-6,11,200 روپے ان کے بیٹے ضیاء اللہ کے حوالے کر رہے ہیں، تصویر میں سیلز منیجر علی رحمان، سیلز آفیسر فضل غنی اور سیلز نمائندہ محمد علی نمایاں ہیں



کراچی سدرن زون: زونل سربراہ جناب محمد اقبال گل مرحوم پالیسی ہولڈر سید جمال جیلانی کی بیوہ محترمہ شگفتہ جمال کو مبلغ -/31,30,500 روپے کے دو چیک دے رہے ہیں اس موقع پر سیلز منیجر و سابق صدر فیلڈ ورکرز فیڈریشن جناب انوار الحق، اے جی ایم کلیمز محمد خالد اعوان اور مرحوم کے صاحبزادے بھی نمایاں ہیں



لاہور ویسٹرن زون: زونل سربراہ جناب طاہر محمود چیمہ، فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے نائب صدر شیخوپورہ و سیلز منیجر ملک اشتیاق حسین کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ 24 لاکھ روپے ان کی بیوہ کو دے رہے ہیں، تصویر میں صدر ایسوسی ایشن سید حسن عباس حسینی اور جنرل سیکریٹری ادریس بھٹی بھی موجود ہیں



فیصل آباد زون: سیکٹر ہیڈ محمد اکبر مغل، مرحوم محمد رمضان کی بیوہ کو ڈیتھ کلیم چیک مبلغ/-6,73,873 روپے ادا کر رہے ہیں اسٹیٹ لائف معاہدے کے تحت 18 سال تک FIB کی مد میں بیوہ کو ادائیگی کرتا رہے گا، تصویر میں سیلز منیجر محمد اعجاز، اور سیلز نمائندہ محمد حنیف دکھائی دے رہے ہیں

# اسٹیٹ لائف میدان عمل میں



کوئٹہ زون: زونل سربراہ جناب کنہیالال شاہین، ڈائریکٹر ایگریکلچر محمد اقبال کی وفات پر پہلے سال مبلغ -/10,50,000 روپے کا چیک مرحوم کے بچوں کو دے رہے ہیں اس موقع پر سیلز منیجر جناب حق نواز رند بھی موجود ہیں



ملتان زون: زونل سربراہ چوہدری اختر حسین، سیلز نمائندہ مرحوم اشتیاق احمد کے والد محترم ابرار احمد کو گروپ انشورنس کی مد میں 6 لاکھ روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں تصویر میں جناب امجد، اے جی ایم اکاؤنٹس زونل آڈیٹرز خالد بشیر اور انچارج آئی ٹی عرفان بخاری بھی نمایاں ہیں



گجرات زون: ایریا منیجر چوہدری مظہر حسین مانگٹ مرحوم قیصر بشیر کی والدہ کو مبلغ -/5,25,000 روپے کا چیک دے رہے ہیں تصویر میں محمد ہمایوں اور سیلز نمائندہ عبدالستار بھی نمایاں ہیں



سکھر زون: سیکٹر ہیڈ جناب غلام رسول ابڑو مرحوم دھنی بخش تھیبو کی بیوہ مسماۃ بھاگل کو -/98,060 روپے کا چیک دے رہے ہیں ان کے ہمراہ سیلز منیجر جناب لیاقت علی تھیبو نظر آ رہے ہیں



راولپنڈی زون: سیلز منیجر جناب مطلوب حسین قریشی، حافظ محمد عاطف (مرحوم) کی بیمہ پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ -/2,55,000 روپے ان کے والد کو دے رہے ہیں



حیدر آباد زون: ریجنل چیف جناب در محمد بالادی، مرحوم محمد اقبال چانگ کی بیوہ کو ڈیتھ کلیم کی مد میں -/4,98,000 روپے کا چیک دے رہے ہیں، ان کے ہمراہ سیکٹر ہیڈ جناب مختیار حسین کاظمی بھی موجود ہیں

# تحفّظ

اکتوبر 2013ء

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)


## 3rd Regional Chiefs/Zonal Heads Conference

















سینئر مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کی تصویری جھلکیاں